Tarjuma-Tul-Quran-ul-Majeed - 9th Class Tarjmatul Quran Urdu Medium Chapter 4 Preparation

Q1. سورہ الحج میں آیات اور رکوع کتنے ہیں.

Ans 1: سورہ الحج میں 78 آیات اور 10 رکوع ہیں

Q2. سورہ الحج میں کس بات کی اجازت دی گئی ہے اور کس بات سے منع کیا گیا ہے.

Ans 1: سورہ الحج میں مشرکوں کے خلاف جہاد کی اجازت دی گئی اور شرک سے منع کیا گیا ہے

Q3. سورہ الحج میں کس بات کی اجازت دی گئی ہے اور اس بات سے منع کیا گیا ہے.

Ans 1: سورہ الحج میں مشرکوں کے خلاف جہاد کی اجازت دی گئی اور شرک سے منع کیا گیا ہے.

Q4. کس عمل کی کوئی دلیل نہیں

Ans 1: شرک کی کوئی دلیل نہیں.

Q5. قیامت کے بارے میں سورہ الحج میں کیا ارشاد ہے.

Ans 1: اور قیامت یقینا آنے والی ہے اس میں کوئی شک و شبہ نہیں

Q6. اللہ تعالی کن لوگوں کو زندہ کرکے اٹھا ئے گا

Ans 1: اللہ تعالی ان لوگوں کو ضرور زندہ کرکے اٹھائے گا جو قبروں میں پڑے ہیں.

Q7. ساری کائنات کسکے حضور سجدہ ریز ہے.

Ans 1: ساری کائنات اللہ تعالی کے حضور سجدہ ریز ہے.

Q8. سورہ الحج کس طرح منفرد سورت ہے.

Ans 1: سورہ الحج ایک منفرد سورت ہے. اس کا کچھ حصہ مدنی اور کچھ حصہ مکی ہے.

Q9. سورۃ الحج کے اہم علمی و عملی نکات میں سے دو تحریر کریں-

Ans 1: 1- شرک کے لیے کوئی دلیل نہیں ہے- 2- ساری کائنات اللہ تعالی کے حضور سجدہ ریز ہے.

Q10. سورۃ الحج کا مختصر تعارف تحریر کریں-

Ans 1: تعارف: سورۃ الحج ایک منفرد سورت ہے، اس کا کچھ حصہ مدنی ہے اور کچھ مکہ ، اس سورت کا نزول مکہ مکرمہ میں ہجرت سے پہلے ہوچکا تھا اور تکمیل ہجرت کے بعد مدینہ منورہ میں ہوئی- اس سورت میں بتایا گیا ہے کہ حج حضرت ابراہیم علیہ السلام کے زمانے میں کس طرح شروع ہوا اور اس کے بنیادی ارکان کیا ہیں-

---